SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
July 03, 2021

ایس ایس سی پی نے این سی سی پی ایل ریگولیشن میں ترامیم کی منظوری دے دی

اسلام آباد (جولائی 3): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سرمایہ کاروں کے لیے مارجن فنانسنگ کی پراڈکٹ کو مزید مؤثر اور مربوط بنانے کے لیے نیشنل کلیئرنگ کمپنی پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) کے ریگولیشنز 2015 میں ترامیم کی منظوری دے دی ہے۔

این سی سی پی ایل ریگولیشنز میں متعارف کروائی گئی ترامیم کے تحت فری فلوٹ پر مبنی بروکر اینڈ کلائنٹ لیول پوزیشن کی حد اور نیٹ کیپٹل بیلنس پر مبنی ایکسپوژر کی حد میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ مارجن فنانسنگ کی سہولت سرمایہ کاروں کو ان کی خالص خریداری (نیٹ پرچیز) کے مقابلے میں ڈیلور ایبل فیوچر کنٹریکٹ (ڈی ایف سی) کی مدت پوری ہونے پر دستیاب ہو گی جس سے سرمایہ کار مستقبل کے لیے رقوم کی ادائیگی آسانی سے کر سکیں گے۔

اس کے علاوہ سرمایہ کاروں کو معاہدہ کے اختتام پر نیٹ خریداری کے عوض میں T + 1 پر ماجن فنانسنگ کی سہولت دستیاب ہو گی۔ چونکہ ماجن فنانس کے فنانسرز اپنے معاہدہ کی مدت کے اختتام پر مناسب رسک مینجمنٹ کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں، لہذا انہیں معاہدے کی شرائط و ضوابط کے مطابق نقد یا فنانسر کی قابل قبول سکیورٹیز کی صورت میں، ان کو ان کی صوابدید کے مطابق ایم ٹی ایم نقصانات جمع کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے جبکہ موجودہ قواعد کے مطابق سکیورٹی کی قیمت 5 فیصد کم ہونے پر ایم ٹی ایم کے نقصانات کو لازمی طور پر نقد صورت میں وصول کیا جاتا ہے۔

مزید یہ کہ، ایسے بروکرز جو متعین کردہ معیار پر پورا اترتے ہیں، انہیں این سی سی پی ایل کے حق میں 75 فیصد ایم ایف فنانس سکیورٹیز رکھنے کی اجازت دی گئی ہے تاکہ وہ ریڈی مارکیٹ میں مارجن کی شرائط پر پورا اتر سکیں۔ اس کے علاوہ، ایم ایف فنانسرز کو ایم ٹی ایم نقصانات کو ایڈجسٹ کرنے اور ان کے سرمایہ کاروں سے موصولہ ادائیگی کے بعد نظرثانی شدہ ایم ایف ٹرانزیکشن ویلیو کے ساتھ ایم ایف ٹرانزیکشن اور رول اوور جاری کرنے کی اجازت ہو گی۔ مذکورہ بالا اصلاحات کو کسی بھی اضافی رسک اور مناسب رسک کو کم کرنے والی خصوصیات کے اطلاق کے لئے مناسب غور و خوض کے بعد منظور کر لیا گیا ہے، اور سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی بنیاد پر اس کو حتمی شکل دی گئی تھی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005